سوال

سواری پر فرض نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

کیا کار میں بیٹھ کر فرض نماز پڑھی جاسکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سواری پر فرض نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرض نماز سواری سے نیچے اتر کر اور قبلہ رخ ہو کر ادا فرماتے تھے۔

عن عبداللہ بن عمر - رضی اللہ عنهما قال: كان رسول اللہ صلى اللہ عليه وسلم يسبح على الراحلة قِبَلَ أي وجه توجه، ويوتر عليها، غير أنه لا يُصلي عليها المكتوبة (بخاری: 1098)

سیدنا عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سواری پر نفل نماز پڑھ لیتے تھے، جہاں بھی سواری کا رخ ہوتا، اور وتر بھی پڑھ لیتے تھے، مگر فرض نماز سواری پر نہیں پڑھتے تھے۔

ہاں البتہ کوئی شرعی عذر ہو، مثلا ہوائی جہاز یا بحری جہاز میں سفر کے دوران اترنا ممکن نہ ہو اور نماز کا وقت نکل جانے کا ڈر ہو تو وہیں نماز ادا کر لینی چاہیے کیونکہ اللہ تعالی کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔ نماز کو موخر کر کے ہوائی جہاز سے اتر کر پڑھنے میں بھی کوئی حرج نہیں بشرطیکہ نماز کے وقت میں اتنی گنجائش موجود ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ